# AKASHVANI NEWS
# SRINAGAR

^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^

**Text of Midday Urdu news Bulletin**

**Time** 12:30 PM

**Date: 27 July 2026**

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بشارت گل

پارلیمنٹ

مختلف معاملات کو لیکر حزب اختلاف کے احتجاج اور شور وغل کے چلتے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج دوپہر 12 بجے تک کیلئے ملتوی کی گئی۔

وکست بھارت

وزیر اعظم نریندر مودی نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک کے سرحدی دیہات کے ساتھ اپنے روابط کو مستحکم کریں۔ وکست وائبرنٹ ولیج پروگرام کے شرکاء سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے گاؤں دیہات کو وکست بھارت کی بنیاد سے تعبیر کیا۔

وزیر اعظم نے میرا یوا بھارت پلیٹ فارم کے ذریعے سے قوم کی تعمیر میں نوجوانوں کے بڑھتے رول کی بھی ستائش کی۔

ایل جی تہوار

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل تیرتھ راج لوک بھون اننت ناگ میں **Harbah** تہوار کے موقعے پر ماتا سِدھی لکشمی مندر پر حاضری دی ۔اس موقعے پر ایل جی نے کہا کہ یہ پَوِتر استھاپن صدیوں سے آپسی رواداری اور عقیدے کا ایک گہوارہ رہا ہے اور ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ اصل طاقت روحانی اقدار اور ہمدردی کے جذبے میں مضمر ہے ۔انہوں نے کہا کہ **Harbah** تہوار عقیدت، شکرگذاری اور من کی شانتی حاصل کرنے کا ایک اہم موقع ہے ۔

خراج

قوم آج سابق صدر اور معروف سائنسدان ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت ادا کر رہا ہے ۔انہوں نے بھارتی خلاء اور ملک کے میزائیل تیار کرنے والے پروگراموں میں ایک اہم رول ادا کیا۔ڈاکٹر عبدالکلام کو میزائیل مین آف انڈیا کے نام سے بھی جانا جاتا تھا۔ وہ آج ہی کے دن **2015** میں انتقال کر گئے ۔لوک سبھا سپیکر اوم برلا نے سابق صدر اور بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو خراج عقیدت کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے گھریلو میزائیل ٹیکنالوجی اور خلائی پروگراموں کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں کلیدی رول ادا کیا۔

ایل جی ۔کلام

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سابق صدر اور میزائیل مین آف انڈیا ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ایک پیغام میں ایل جی نے ڈاکٹر کلام کو ایک معروف سائنسدان، ترغیب دینے والی شخصیت اور عوام کا صدر قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر کلام نے بے لوث طریقے پر قوم کی خدمت کی، جن کے خیالات ہم سب کو لمبے عرصے تک ترغیب دیتے رہیں گے ۔

## CRPF

سینٹرل ریزرو پولیس فورس **CRPF** آج اپنا **88** واں یوم تاسیس منا رہا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں کئی تقاریب منعقد ہورہی ہیں، جن میں ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے میں سی آر پی ایف کے اہم رول اُجاگر کیا جارہا ہے۔

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر داخلہ امت شاہ اور لوک سبھا سپیکر اوم برلا نے اس فورس کے اہلکاروں اور افسروں اور اُن کے اہلخانہ کو یوم تاسیس کی مبارکباد دی ہے۔

### ایل جی۔سی آر پی ایف

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سی آر پی ایف کے یوم تاسیس کے موقعے پر سی آر پی ایف کے اہلکاروں اور اُنکے اہلخانہ کو مبارکباد دی ہے۔

ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ فورس ملک کی داخلہ سلامتی کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ ایل جی نے مادر وطن کیلئے سی آر پی ایف اہلکاروں کی خدمات اور قربانیوں کیلئے انہیں سلام پیش کیا ہے۔

### ایل جی ملاقات

ہندوا یجوکیشن سوسائٹی کشمیر کا ایک وفد، اس کے صدر پروفیسر بی ایل زتشی کی قیادت میں لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوا۔

دریں اثناء امریکہ میں مقیم ایک غیر سرکاری تنظیم ”کاشُر راگ“ کے بانی اروند متو نے بھی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور تنظیم کی طرف سے جموں و کشمیر کے ثقافتی ورثے کو تحفظ اور فروغ دینے کیلئے کئے جارہے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی۔

امرناتھ یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا اب بال تل کے راستے سے جاری ہے تاہم پہلگام راستے سے یاترا بند ہے جس کی سرکاری بیان کے مطابق مرمت جاری ہے۔ یاترا شروع ہونے سے اب تک 4 لاکھ 15 ہزار سے زائد یاتریوں نے گپھا کے درشن کئے ہیں۔لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے اتنی بڑی تعداد میں یاتریوں کے درشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یاترا کو کامیاب بنانے میں تمام متعلقین کا شکریہ ادا کیا۔اسی دوران ایل جی منوج سنہا نے کل کیمپ ڈائریکٹروں اور انتظامیہ کے سینئر افسروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران یاترا روٹ کی بحالی سے متعلق کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔میٹنگ میں صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ، شرائن بورڈ کے ایڈیشنل CEO راہل سنگھ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

عبدالرحیم راتھر

اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے کل حلقہ انتخاب چرار شریف کے آرم پورہ اور نمبل ہار علاقوں کا دورہ کیا جس دوران انہوں نے مختلف عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور ترقیاتی منظر نامے سے متعلق جانکاری حاصل کی۔اسپیکر موصوف نے معروف صوفی شاعر صمد میر کے آستان عالیہ پر بھی حاضری دی اور سالانہ عرس کی تقریب میں شرکت کی۔

عرس

بلند پایہ ولی کامل حضرت سلطان العارفین شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کے سلسلے میں ایام متبرکہ کل سے شروع ہوئے ہیں۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع کوہِ ماران پر نماز عصر سے نماز مغرب تک ختمات المعظمات، درود واذکار اور نعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہو رہی ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ